رول نمبر:..................

جماعت دہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

## وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے:

**(حصہ نظم)** 2×3=6

(i) دو عالم کا اِمدادگار آ گیا ہے — امین آ گیا ، غم گُسار آ گیا ہے

(ii) اُڑتی تھی خاک ، خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فُرات کا

(iii) یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشتکار — اِرتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردِگار

(iv) ہم آنکھوں میں سپنے لے کر آگے بڑھتے جائیں گے — موت سے ہم کو ڈر نہیں لگتا ، جینے سے ہے پیار ہمیں

**(حصہ غزل)** 2×2=4

(v) ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کُنجِ زنداں بھی نہیں وُسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

## ( حصہ دوئم )

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ ½+½+½+½+½+½+2=5

(i) عید کو محض خوشی یا عید کے چاند کو محض سال میں ایک بار جھلک دکھا کر غائب ہونے کے حوالے سے دیکھنے کی بجائے اُسے مسلمانوں کی تہذیبی اور فکری زندگی کے وسیع تر جغرافیے سے ملا دیا گیا، جسے عید کے موضوعات میں نئی نئی باریکیاں پیدا کر کے اُسے ادبی خوشی کے ملے جلے جذبات تک لے گئے۔ گلدستۂ عید میں موضوعات، صحنِ عید گاہ میں ملاقات اور درونِ خانہ عید ملن تک محدود نہیں رہے بلکہ جذبات کے وسیع تر رقبوں میں لا کر دکھایا گیا ہے۔

½+½+½+½+½+½+2=5

(ii) ہم تو کول سے تمہارے خط کے آنے کے منتظر تھے۔ ناگاہ کل جو خط آیا، معلوم ہوا کہ دو دن کول میں رہ کر سکندر آباد آ گئے ہو اور وہاں سے تم نے خط لکھا ہے۔ دیکھیے: اب یہاں کب تک رہو اور آگرہ کب جاؤ۔ پرسوں برخوردار شیو نرائن کا خط آیا تھا۔ لکھتے تھے کہ کتابوں کی شیرازہ بندی ہو رہی ہے۔ اب قریب ہے کہ بھیجی جائیں۔ مرزا مہر بھی ایک ہفتہ بتاتے ہیں۔ دیکھیے ! کس دن کتابیں آ جائیں۔ خدا کرے سب کام دل خواہ بنا ہو۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 2×5=10

(i) نعت کے پہلے شعر میں حضور ﷺ کی کونسی صفات بیان کی گئی ہیں؟

(ii) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(iii) علم اور قلم سے کیسے ملک و قوم کو دہشت گردی اور بدامنی سے نجات دلائی جا سکتی ہے؟

(iv) سیّدانی بی نے گزر اوقات کے لیے کونسا پیشہ اختیار کیا؟

(v) نظم "کسان" کے مطابق کونسی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(vi) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

(vii) مقطع کی تعریف کیجیے اور ایک شعر سے مثال دیجیے۔

(viii) جملہ معترضہ کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مُلَمَّع (ii) علی بخش 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) تمباکو نوشی کے نقصانات (ii) تحریکِ پاکستان (iii) دہشت گردی 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 2×5=10

اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ انہوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات، حسنِ اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد، دکن، مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخاب میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی۔

سوالات:

(i) علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے ہندوستان کے مختلف علاقوں کا دورہ کیوں کیا؟

(ii) علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کا عمل کیا تھا؟

(iii) اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے انتخاب میں حصہ کیوں لیا اور کتنے سال اسمبلی کے رکن رہے؟

(iv) اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے یورپ اور فلسطین کا سفر کیوں کیا؟

(v) اس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔